سوال

سودفعہ درود پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا درود پڑھنے کےلیے دن میں 100 بار پڑھنے کی تخصیص ہے؟ اگر ہے تو حوالہ درکار ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سودفعہ پڑھنے والی ضعیف ومردود روایات المعجم الصغیر للطبرانی (ج2ص48ح915) الترغیب والترہیب (ج2ص495) اور اتحاف المتقین (ج5ص51) وغیرہ میں موجود ہیں۔ الزبیدی نے "وہو حدیث حسن" قرار دیا ہے (!)

لہذا سودفعہ کی قید کے بغیر ہر مسلمان کو چاہیے کہ کثرت سے آپ ﷺ پر درود پڑھے کیونکہ آپ ﷺ نے فرمایا «من صلی علی واحدة صلی اللہ علیہ عشرا» جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے تو اللہ اس پر دس دفعہ رحمتیں نازل فرماتا ہے (صحیح مسلم ح408)

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص486

محدث فتویٰ